# مانمن خبریں

نمبر 68_ 18فروری 2018

# 2018 میں خدا کا عظیم جلال ظاہر ہو گا



گزشتہ اتوار 2017 کی شام کی عبادت کے بعد سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے مرکزی عبادت گاہ میں چرچ جنرل اسمبلی 2017 کی صدارت کی۔ نئے سال 2018 کی عبادت کے بعد، اُنہوں نے چار خدا داد رویائیں بیان کیں کہ تمام تر مانمن سینٹر چرچ اور اس کی تقریباً گیارہ ہزار شاخوں اور ملحقہ کلیسیاؤں میں دعا کی جائے گی اور 2018 کے دوران کامیابی حاصل ہو گی۔

## پہلی رویا: ازسرِ نو تخلیق کی قدرت کے ذریعہ خلاؤں کو استعمال کر کے پاک خدمت کا مظاہرہ

یوحنا 14: 12 کہتی ہے کہ، "میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا بلکہ ان سے بھی بڑے کام کرے گا کیونکہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں"۔ جیسا کہا گیا ہے، ازسرِ نو تخلیق کے ذریعہ خلاؤں کو استعمال کرنے کے طریقے سے بہترین نتائج حاصل ہوں گے اور نہایت ہی من پسند پھل لائیں گے۔

خلاؤں کو استعمال کرنے کا مطلب ہے، سب آسمانوں کو از سرِ نو تخلیق کی قدرت کے ساتھ قابو یا اختیار میں لے لینا۔ جن ازسرِ نو تخلیق کی یہ قدرت استعمال کی جاتی ہے، تو روحانی دنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں رہتا اور نہ ہی مادی اور جسمانی دنیا میں۔ اس سے سمندری طوفانوں کو کمزور کیا جاسکتا ہے، ہواؤں کا رُخ بدلا جا سکتا ہے۔ اس سے بارش لائی یا روکی جا سکتی ہے اور قحط کو روکا جا سکتا ہے اور سیلاب ختم کئے جا سکتے ہیں۔ زرد مٹی اور گرد کے سبب سے ہوا کی آلودگی ختم کرنے کیلئے تازہ ہوا لائی جا سکتی ہے۔ اس سے کئی جانوں کی تجدید ہو سکتی ہے اور بچ سکتی ہیں اور اُن کو روحانی عالم صاف صاف نظر آ سکتا ہے۔

## دوسری رویا: مخلص دل اور ایمان کے پورے یقین کے ساتھ دعاؤں کے جوابات سے بھرپور شادمانی کی خدمت

عبرانیوں 10: 22 کہتی ہے کہ، "تو آو ہم سچے دل اور پورے ایمان کے ساتھ اور دل کے الزام کو دور کرنے کیلئے دلوں پر چھینٹے لے کر اور بدن کو صاف پانی سے دھلوا کر خدا کے پاس چلیں"۔ جب ہم سچا دل پاتے ہیں اور پورا ایمان رکھتے ہیں تو ہمیں اپنے خدا اور لشکروں کے خداوند سے محبت ملے گی۔

خدا نے ہمارے لئے جو برکات مقرر کر رکھی ہیں وہ دینے میں ہیں۔ برکات پانے کیلئے ہمیں مناسب برتن تیار کرنے کی ضرورت ہے، جس کا مطلب ہے مخلص دل پانا اور ایمان کے ساتھ پورا یقین رکھنا۔ ایسا کر کے آپ کو دل کے مختون ہونا چاہئے اور اپنے دل کو سچائی کے ساتھ بھرنا چاہئے۔ حتیٰ کہ اس گنہگار اور بدی سے بھرپور دنیا میں بھی اگر آپ چرواہے کی محبت پر یقین رکھیں گے اوراُس پیمانہ پر جس کے ساتھ اس نے آپ کو بھرا ہے اور اصل نُور اور آواز پر یقین رکھیں گے تو آپ نہ صرف بدی کے کاموں کو دور کرنے کے قابل ہوں گے بلکہ اُس بدی کو بھی جو آپ کی فطرت میں پوشیدہ رہتی ہے۔ میں اپ پر زور دیتا ہوں کہ نئے یروشلیم کے مشتاق ہوں جو آسمان کی سب خوبصورت سکونت گاہ ہے اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ ایمان کی چٹان پر مضبوطی سے قائم رہیں اور روح اور پوری روح کے درجات میں شریک ہوں تا کہ آپ ایسی برکات کے وقت عظیم شادمانی میں شریک ہو سکیں۔

## تیسری رویا: ایسی خدمت جہاں ایماندار ایک حقیقی عبادتگاہ کی تعمیر کیلئے اٹھتے اور منور ہوتے ہیں

یسعیاہ 60: 1 کہتی ہے کہ، "اٹھ منور ہو کہ تیرا نُور آ گیا اور خداوند کا جلال تجھ پر ظاہر ہوا"۔ خداوند کو قبول کرنے کے بعد جب ہمیں انعام کے طور پر روح القدس ملتا ہے تب ہم نُور چمکا سکتے ہیں اور مردِ روح اور مردِ کامل روح بن سکتے اور روح القدس کو موقع سے سکتے ہیں کہ وہ آپ کے اندر روح کو جنم دے۔

اٹھنے اور مُنور ہونے والے ایمانداروں کے وسیلہ سے تعمیر کی جانے والی عبادت گاہ حقیقی عبادت گاہ ہے۔ ایسی حقیقی عبادت گاہ میں خدا کی مرضی اور ارادے بیان کیئے جاتے ہیں اور لوگ اپنی بیماریوں سے، معذورویوں، بدروحوں کے قبضہ اور زندگی میں گھریلو مشکلات سے، کام کاج کے جگہ پر مشکلات سے اور کاروبار میں مشکلات سے روح القدس کی قدرت کے وسیلہ آزاد ہوتے ہیں۔ عظیم عبادت گاہ خدا کی پیش انتظامی کے تحت تعمیر کی جائے گی اور اخیر زمانے میں اس کے بارے میں ظاہر کیا گیا ہے، اور بے شمار جانیں اس عبادت گاہ میں آ کر نجات پائیں گی۔ اسی وجہ سے ایماندار جتنا زیادہ اٹھیں گے اور منور ہو ں گے، عبادت گاہ اتنی ہی تیزی کے ساتھ تعمیر کی جائے گی۔

## چوتھی رویا: زیادہ کمال تک روحانی محبت پانے کی خدمت

1-کرنتھیوں 13:13 کہتی ہے کہ، "غرض ایمان اُمید محبت یہ تینوں دائمی ہیں مگر افضل ان میں محبت ہے"۔ روحانی محبت روح القدس کی عظیم نعمت ہے کیونکہ یہ خدا کے حقیقی فرزند بننے اور شہر نئے یروشلیم میں داخل ہونے کا جلال پانے کا موقع دیتی ہے۔

2007 میں خدا نے مجھے بتایا کہ اپنے دل میں ایسی خواہش رکھوں اور اس کا الطار پر سے پرچار کروں اور اُس نے وعدہ کیا کہ وہ اس خواہش کو پورا کرے گا اور ہمیں موقع دے گا کہ اُس کو جلال دے سکیں۔ مجھے دل میں جس خواہش کو رکھنے کیلئے پُرزور انداز سے کیا گیا وہ کوئی اور نہیں بلکہ 'روحانی محبت' تھی۔ جیسا کہ وعدہ کیا گیا تھا، خدا کی محبت کی گہرائی اس چرچ میں 2010 سال سے ظاہر ہوتی چلی آ رہی ہے، خدائے محبت نے یہ محبت ایمانداروں کے دلوں پر نقش کر دی ہے۔ اب خد انے کہا کہ 2018 میں اس کلیسیا پر زیادہ کمال انداز سے محبت اترے گی۔

سال 2018 خلاؤں کے استعمال کے ذریعہ ازسرِ نو تخلیق کے عجیب کام جب مسلسل کھُلیں گے، تو میری دعا ہے کہ آپ کو پُرخلوص دل ملے، ایمان پر پورا یقین ملے اور آپ کو باکمال انداز سے روحانی محبت ملے، ایسی کہ آپ اپنا نُور چمکا سکیں اور چرواہے کے ساتھ اخیر زمانہ کی خدمت کی قدرت بھری تکمیل میں شریک ہو سکیں۔

# صلیب پر یسوع کے آخری سات کلمات (1)

"اے باپ ان کو معاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں" (لوقا 23: 34)۔

"اُس نے اس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی تُو میرے ساتھ فردوس میں ہو گا" (لوقا 23: 43)۔

یسوع نے صلیب پر جان دینے سے پہلے آخری چند جملے کہے تھے اور ان جملوں کو "آخری سات صلیبی کلمات" کہا جاتا ہے۔ اس حصہ میں پہلے اور دوسرے کلمہ کی وضاحت کی جائے گی۔

## پہلا کلمہ، "اے باپ ان کو معاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں"۔

یسوع، خدا کا بیٹاہماری خاطر نہایت ہی ظالمانہ سزائے موت کا نشانہ بنا۔ سب انسانوں کی جگہ، جنہیں فی الحقیقت موت کی سزا برداشت کرنا تھی، یسوع مسیح ہر طرح کے دکھوں اور اذیتوں کا نشانہ بنا۔ یہی وجہ ہے کہ رومی سپاہی جو اس بات سے ناواقف تھے اور اسرائیل کے سب لوگوں نے یسوع مسیح کو ٹھٹھوں میں اڑانے میں ہر گز ہچکچاہٹ محسوس نہ کی اور اُس کے ساتھ جب وہ صلیب پر تھا، ایسا سلوک کیا جیسے کسی حقیقی خطاکار کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

تو بھی، یسوع نے نہ صرف خاموشی کے ساتھ اذیت اٹھائی بلکہ خدا سے اُن سب لوگوں کی معافی کیلئے دعا بھی کی جو اُس کو قتل کرنے پر اصرار کر رہے تھے۔ ذہن میں رکھیں کہ یہ دعاصرف اُس ہجوم کیلئے نہیں تھی جو یسوع کو مصلوب کرنے کیلئے جمع تھا بلکہ یہ اُن تمام انسانوں کیلئے بھی تھی جو تاریکی میں رہتے تھے۔ یسوع کی محبت بھری دعا کی وجہ سے ہی بے شمار لوگ آج نجات پانے کے لائق ہوتے ہیں۔

وہ بے گناہ جس نے گنہگاروں کی محبت میں اپنے آخری لمحات میں صلیب پر دعا کی، چاہتا ہے کہ خدا کے سب فرزند آج محبت کریں اور سب لوگوں کو معاف کریں۔ اسی وجہ سے اُس نے دعائے ربانی میں ہمیں سکھایا تھا کہ جس طرح ہم دوسروں کے قرض معاف کرتے ہیں تُو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر (متی 5: 12)۔ حتیٰ کہ اُس وقت بھی جب ہم بلا وجہ ستائے جاتے ہیں، یسوع نہیں چاہتا کہ ہم بدی کے ساتھ جواب دیں یا اپنے دلوں میں بُرا احساس رکھیں بلکہ ہم اُن کے ساتھ صرف بھلائی سے پیش آئیں جو ہمیں اذیت پہچاتے ہیں (متی 5: 44-45)۔

لہٰذا، یسوع کی پیروی کرتے ہوئے، جس نے اُن گنہگاروں کے ساتھ بھی محبت رکھی جنہوں نے اُسے ظالمانہ انداز سے مصلوب کیا تھا، ہمیں اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ محبت رکھنی چاہیئے اوریہاں تک کہ دشمن کے ساتھ بھی محبت رکھنی چاہیئے۔

## دوسرا کلمہ، "اُس نے اس سے کہا میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی تُو میرے ساتھ فردوس میں ہو گا"۔

یسوع کے دائیں اور بائیں دو ڈاکوؤں کو بھی مصلوب کیا گیا تھا۔ اُن میں سے ایک نے یسوع کو ٹھٹھوں میں اڑایالیکن دوسرے نے پہلے ڈاکو کو جھڑکا۔ پھر اُس نے یسوع کی منت کی۔ ڈاکو نے کہا، "یسوع، جب تُو اپنی بادشاہی میں آئے تو مجھے یاد رکھنا!"۔ اس پر یسوع نے جواب دیتے ہوئے اس ڈاکو سے وعدہ کیا کہ "میں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ تُو آج ہی میرے ساتھ فردوس میں ہو گا"۔

اُس وقت بولے گئے دوسرے کلمے میں بہت زیادہ روحانی معنویت پائی جاتی ہے، اُس میں سے پہلی بات ہے 'فردوس' جو آسمان کی بادشاہی کا ہے۔ 2-کرنتھیوں 12: 2-4 میں پولس رسول ہکا یک تیسرے آسمان پر جانے کے بارے میں لکھتا ہے، یعنی فردوس میں، اور اُس نے وہاں ایسی باتیں سُنیں جو ناقابلِ بیان ہیں۔ بائبل مقدس کے کئی مقامات پر جن میں نحمیاہ 9: 6 بھی شامل ہے، ہمیں آسمان، آسمانوں کے بارے میں، فلک الافلاک کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ظاہری



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

آسمان (فضا) جو ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں، دیگر روحانی عالم کے آسمان بھی ہیں (1-سلاطین 8: 27؛ زبور68: 33)۔

"تیسرا آسمان"، جہاں پر آسمان کی بادشاہی ہے، کہ کئی آسمانی سکونت گاہوں میں تقسیم ہے جس میں فردوس بھی شامل ہے جس کے بارے میں پولس نے لکھا کہ وہ وہاں تک اٹھا لیا گیا تھا، اور شہر نیا یروشلیم بھی ہے جس کا ذکر مکاشفہ 21: 10-11 میں ہے۔ نیا یروشلیم آسمانی بادشاہی کے بلند ترین مقام پر ہے اور وہاں وہ لوگ رہیں گے جنہیں اُس وقت اٹھایا جائے گا جب ہمارا خداوند مکمل طور پر سب بدی اور گناہ کو مٹا ڈالے گا، اور وہ لوگ جو اس کے ساتھ ہر طرح سے وفادار رہیں گے۔

یسوع کے ایک طرف مصلوب ہونے والے ڈاکو نے اپنی جان دینے سے کچھ ہی لمحہ پہلے نجات پائی تھی۔ لہٰذا، اُس کے پاس گناہوں اور بدی کو اپنے دل سے دُور کرنے کا وقت نہیں تھا اور خداوند کے ساتھ وفاداری دکھانے کیلئے بھی کوئی کام نہیں کر سکتا تھا؛ لہٰذا اُسے بمشکل نجات ہی پا لینے کی اجازت دی گئی تھی۔ ایسے لوگ فردوس میں داخل ہوں گے جو آسمانی مقاموں کی سب سے نیچے کی سکونت گاہ ہے۔ فردوس اور نئے یروشلیم کے درمیان مختلف درجات کی سکونت گاہیں ہیں اور ہر شخص کے لئے سکونت گاہوں کا تعین اُس کی تقدیس، ایمان اور وفاداری کے پیمانہ کے مطابق ہوتا ہے۔

خدا کی راستبازی کے مطابق، جو ہر شخص کو وہی فصل کاٹنے کا موقع دیتا ہے جو کچھ کسی نے اِس دنیا میں بویا ہو، اور ہر شخص کو اُس کے کام کے مطابق اجر دیتا ہے، آسمانی بادشاہی مختلف درجات کی سکونت گاہوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ دیگر الفاظ میں، آسمانی سکونت گاہیں فرداً فرداً مختلف ہوں گے اور اس کا دارومدار اس بات پر ہے کہ کوئی شخص کس قدر گناہوں کو دور کرتا اور خداوند کی پیروی کرتا ہے۔ اسی طرح سے آسمانی سکونت گاہوں کا جلال، شادمانی، اجر، اور اختیار بھی ہر مقام کے رہائیشیوں کے لئے مختلف ہے۔

یہی وجہ ہے کہ 1-کرنتھیوں 15: 41 ہمیں بتاتی ہے کہ،" آفتاب کا جلال اور ہے مہتاب کا جلال اور۔ ستاروں کا جلال ور کیونکہ ستارے ستارے کے جلال میں فرق ہے"۔ اگر کسی کا ایمان حقیقی ہو تو لازم ہے کہ وہ دلی جذبہ کے ساتھ بہتر آسمانی سکونت گاہ کا مشتاق بھی رہے۔ متی 11: 12 میں بھی ہمیں بتایا گیا ہے کہ، "یوحنا بپتسمہ دینے والے کے دنوں سے اب تک آسمان کی بادشاہی پر زور ہوتا رہا ہے اور زور آور اسے چھین لیتے ہیں"۔ ہم میں سے ہر ایک جس قدر زیادہ اپنے دشمن کو شکست دے گا اور گناہ پر غالب آئے گا اور خداوند کی پیروی کرے گا، اسی قدر بہتر آسمانی مقام میں ہم داخل ہوں سکیں گے اور وہاں سکونت کریں گے۔

اگر ہمیں ایسے گناہوں کے ساتھ آسمان پر جانے کی اجازت ہوتی جن میں حسد، بغض، دوسروں کی عدالت کرنا، الزام لگانا، نفرت، دھوکا بازی، فریب، لالچ، بد مزاجی، زناکاری اور ایسی باتیں شامل ہوں تو آسمان کبھی پاک اور شادمانی کی جگہ نہ ہوتا۔ لہٰذا، ہم اپنے دلوں میں گناہ اور بدی کو لے کر آسمان پر جا نہیں سکتے بلکہ صرف اُنہیں چیزوں کے ساتھ جا سکتے ہیں جو ہم نے نیکی اور بھلائی اور روح میں کاشت کی ہوں گی۔ مزید یہ کہ جن لوگوں نے بھلائی اور روح کے ساتھ ایسی کاشتکاری کی ہو گی وہ یکساں آسمانی مقام پر سکونت کیلئے اکٹھے ہوں گے۔ جس طرح ہر ایک شخص کو اپنے ہم عمر اور ایک جگہ رہنے والوں کے ساتھ رہ کر زیادہ خوشی ہوتی ہے، آسمان پر بھی سب یکساں تقدیس، ایمان کے لوگوں کے ساتھ، اور جس حد تک انہوں نے خداوند کی پیروی کی ہو گئی، ایک ساتھ رہ کر زیادہ خوشی محسوس کریں گے۔

یسوع نے اپنے ساتھ مصلوب ہونے والے ایک ڈاکو سے کہا، 'آج ہی تُو میرے ساتھ فردوس میں ہو گا'۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ یسوع اُس ڈاکو کے ساتھ فردوس میں سکونت کرے گا۔ یسوع نے ڈاکو سے یہ بات اس لئے کہی تھی کیونکہ وہ تمام آسمانی سکونت گاہوں کا مالک ہے اور جی اٹھنے اور آسمان پر جانے کے بعد وہ ان سب جگہوں پر بادشاہی کرے گا۔

علاوہ ازیں، "آج" کا مطلب یہ نہیں کہ یسوع نے اُسے مصلوبیت کے دن ہی فردوس میں بھیج دیا تھا۔ چونکہ وہ ڈاکوایمان کے ذریعہ نجات پا کر اب خدا کا فرزند بن گیا تھا، یسوع اُسے کہہ رہا تھا کہ اُس لمحہ سے آگے وہ جہاں بھی ہو گا میرے ساتھ ہی ہو گا۔ اسی طرح سے، جب ہم خداوند کو قبول کرتے، نجات پاتے ہیں تو اُسی دن سے خدا وند ہمیں یاد رکھے گا اور ہم ہمیشہ اُس کے ساتھ ہوں گے۔

پھر، اُس روز یسوع کہا گیا تھا، جمعہ کے دن وہ صلیب پر مر گیا تھا؟ متی 12: 40 ہمیں بتاتی ہے کہ، "ابنِ آدم تین رات دن زمین کے اندر رہے گا"۔ اور افسیوں 4: 9 ہمیں یاد دلاتی ہے کہ یسوع زمین کے نیچے کے علاوہ میں بھی اترا تھا؟۔ 1-پطرس 3: 19 بھی ہمیں بتاتی ہے کہ، "اسی میں اُس نے جا کر اُن قیدی روحوں میں منادی کی"۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ صلیب پر جان دینے کے بعد یسوع فردوس میں نہیں گیا تھا بلکہ وہ قیدی روحوں میں منادی کرنے کیلئے گیا تھا۔ یہاں قیدی روحوں کا اشارہ اُن لوگوں کی طرف ہے جو نجات پانے کے لائق تھے لیکن یسوع کے صلیب اٹھانے اور نجات دہندہ ہونے سے پہلے ہی مر گئے تھے۔

مسیح میں عزیز بھائیواور بہنو، اِس دنیا میں اپنی زندگی کے آخری لمحہ تک یسوع نے سب انسانوں کیلئے محبت کے ساتھ دعا کی اور اُس ڈاکو کے دل میں آسمان کی امید کا بیج بویا جس نے اُسے قبول کر لیا تھا۔ میں دعا کرتا ہوں خداوند کے نام میں کہ آپ میں سے ہر شخص بہتر آسمانی سکونت گاہ قوت کے وسیلہ سے پائے اور اُس کی محبت کو زیادہ واضح طور پر تصور کر سکے۔

### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ 3، گرُو ـ گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن



# تھائی لینڈ، کینیا اور ڈی آر کانگو کے پاسبانوں نے توبہ کی اور خدا کی عظیم محبت کو محسوس کیا



## "میرے اندر تقدیس پانے کا اشتیاق بڑھا"




ریورنڈ ڈاکٹر چارلس کیلانی، نمائندہ ورلڈ وائڈ اافریقن مشنز ایسو سی ایشن

کلامِ حیات نے ہمارے دلوں کو نیا بنا دیا اور تحریک بخشی۔ ہمیں مستقبل میں خدمت کی امید دی گئی۔

میں نے نہایت ہی خوشی اور شکر گزاری محسوس کی کہ اس سیمینار میں شریک ہونے کے لائق ٹھہرا۔ میں نے ایک بار پھر یہ جانا کہ پاک روح ہمارے اندر سکونت کرتا ہے اور وہ ہمارے ساتھ بات کرنا چاہتا ہے۔ ہمیں اُس کی باتوں پر توجہ دینی چاہئے اور ہر معاملہ میں اُس کے ساتھ بات کرنی چاہئے۔

بیش قیمت پیغام نے مجھے تقدیس پانے کا شدید اشتیاق بخشا۔ میں اس بیش قیمت پیغام کے لئے شکر گزار ہوں جو اِس دور کیلئے نہایت اہم ہے۔

## "پیغام نہایت ہی قوی تھا"



پاسٹر پیٹر نجاؤ، صدر کینیا ایونجلائزیشن ایسو سی ایشن، نیروبی

پاسٹرز سیمینار میں متعدد پاسبانوں نے شرکت کی اور یہ بہت ہی حیران کن تھا۔ ساری دنیا کے پاسبانوں کو پیغام سننا چاہئے جو حقیقتاً قدرت والا تھا۔ ریورنڈ ہیسُن لی نے وضاحت کی کہ پاک روح کی آواز کیسے سُنی جا سکتی ہے اور کس طرح اُس کی واضح راہنمائی پا سکتے ہیں جو قابلِ فہم اور بائبل کی بنیاد پر ہو۔ میں نے سیکھا کہ حقیقی پاسبان کو کیسا ہونا چاہئے اور میں نے پاک انجیل کیلئے شکرگزاری محسوس کی۔ میں ڈاکٹر جے راک لی کا شکر گزار ہوں جو خدا سے پاک انجیل حاصل کرنے میں وقف رہے۔ ہمیں امید ہے کہ ڈاکٹر لی افریقہ میں یونائیٹڈ کروسیڈ کی قیادت کریں گے۔

## "پاسبان کا حقیقی دل کو جان لینے کے بعد مجھے دل کی بیماری سے شفا ملی"



پاسٹر وورافون یِنگواتھاناکن، نائب صدر انڈوچینا پیننسولا پاسٹر ایسو سی ایشین

اعمال 19: 11-12 میں لکھا ہے کہ لوگ پولس کا رومال اور پٹکا لے جا کر بیماروں کو چھواتے تھے اور بیماریاں اور بُری روحیں ان میں سے نکل جاتی تھیں۔ مانمن سینٹرل چرچ میں غیر معمولی کام ظہور میں آتے ہیں۔ 2008 میں میں کوریا گیا اور قریبی گاؤں کے ایک شامان کو کلام سنایا۔ اُس کے خاندان اور قصبہ کے لوگوں نے خداوند کو قبول کیا۔ پھر انہوں نے اپنے قصبہ کا نام بھی بدل کر ناصرت رکھ دیا۔

اگرچہ مجھے روح القدس کے عظیم قدرت بھرے کاموں کا تجربہ تھا، تاہم میں اپنی خدمت اور دنیاوی نوکری کے درمیان کشمکش میں رہتا تھا۔ میں نے جانا کہ میں نے خود کو بطور پاسبان روحوں کیلئے وقف نہیں کیا تھا۔ میں نے انڈوچینا پیننسولا پاسٹرز سیمینار میں بطور پاسبان اپنے نامناسب کاموں سے پوری طرح توبہ کی۔ توبہ کے بعد ریورنڈ ہیسُن لی میرے پاس آئے اور میرے سینے پر رومال رکھ کر دعا کی۔ اُس لمحہ پاک روح کی آگ مجھ پر نازل ہوئی اور میرے دل کی بیماری کو دور کر دیا۔ گزشتہ علامات میں سانس گھٹنا، بے ترتیب دھڑکن اور تھکان وغیرہ شامل تھے لیکن وہ سب دور ہو گئیں! ہالیلویاہ!

## "پیغام حقیقت پر مبنی اور اس کی گہری جڑیں خدا کے کلام میں تھیں"



پاسٹر تائیتے، کرسچن منسٹری آف سپریچوئیل کوبیٹ، گیبن

کرسچن منسٹری آف سپریچوئیل کوبیٹ میں منعقدہ کروسیڈ سی وی وی ٹی وی اور آر ٹی جی اے ٹی وی سے بذریعہ مواصلاتی سیارہ براہِ راست نشر کیا گیا جو پچاس ممالک میں دیکھا جاتا ہے۔ ذیلی شاخوں کے ہمارے مشنریوں نے دلی امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر جے راک لی آئیں گے اور ہمیں برکت دیں گے۔ ہم ان سے ملنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ خداداد عظیم برکات پانے کی راہ دکھاتے ہیں۔

آج لاتعداد کلیسیائیں موجود ہیں لیکن اُن میں سے سچائی کی تعلیم دینے والے زیادہ نہیں ہیں۔ وہ لوگوں کو کہتے ہیں کہ یہ کرو اور وہ نہ کرو لیکن اُن کی تعلیم شاذ و نادر ہی یسوع مسیح کی حکمت پر مبنی ہوتی ہے۔ بہرحال، مانمن سینٹرل چرچ کی جڑی بائبل مقدس میں گہرائی تک ہیں۔

چرچ کی 40000 نشستیں بھر چکی تھیں اور کروسیڈ جلال اور جذبات سے بھرپور تھا۔ مزید یہ کہ میں نے خداوند کی حضوری محسوس کی۔ جب انہوں نے آنسوؤں کے ساتھ توبہ کر لی تو عجیب اور حیرت انگیز طور سے عبادت گاہ معجزات سے بھر گئی۔ میں خدا کا شکر گزار ہوں جس نے اپنی عظیم قدرت ظاہر کی اور خداوند کا جو آج، کل اور ابد تک یکساں ہے۔

## "یہ نہایت ہی عجیب اور حیران کن ہے!"

### سسٹر میری موسیسی، عمر37 کینیا

میری بیضی نالیوں میں اور سائنس انفکشن کی وجہ سے سر میں درد تھا۔ میری ایک آنکھ کی نظر بھی کمزور تھی لہذا میں چھوڑے حروف نہیں پڑھ سکتی تھی۔ لیکن دعا کے بعد میرا سارا درد جاتا رہا اور اب میں چھوٹے حروف بھی پڑھ سکتی ہوں۔



### سسٹر بلانساکے، عمر17 سال، ڈی آر کانگو

پیدائش سے ہی میری نظر کمزور تھی۔ مجھے پڑھنے میں مشکل پیش آتی تھی، لیکن دعا کے بعد میری نظر درست ہونے لگی اور اب میں کوئی بھی کتاب ٹھیک طرح سے پڑھ سکتی ہوں۔



### سسٹر ویسادا، عمر29 سال، میانمار

دس سال سے مجھے دوسروں کے ساتھ بات کرنے میں مشکل پیش آتی تھی کیونکہ مجھے سماعت میں کمزوری تھی۔ اس سے میں تنہائی پسند ہو گئی تھی۔ تاہم، دعا کے بعد میری سماعت پوری طرح ٹھیک ہو گئی۔



### بھائی پاکیُم، عمر 20 سال، تھائی لینڈ

میں ذہنی معذوری میں ہی پیدا ہوا تھا۔ میں کسی سے نظریں ملا کر نہیں دیکھ سکتا تھا اور بہت زیادہ بہک جاتا تھا۔ لیکن دعا کے بعد میں دوسروں کی طرف سیدھا دیکھنا شروع ہوا اور اب میں جو کچھ کہنا چاہوں پورے اعتماد کے ساتھ کہہ دیتا ہوں۔



## "میرا بیٹا عیسو، گردے کی تکلیف سے شفا پا گیا"

سسٹر جنجوُ لی، عمر31 سال، پیرش 6 مانمن سینٹرل چرچ

میں اپنے حمل کی خبر سے شادمان ہوئی ہی تھی کہ مجھے ہسپتال سے ایک بُری خبر نے شدید صدمہ پہنچایا۔ یہ میرا پانچواں مہینہ تھا۔ بچے کی پیشاب کی نالی بند ہو گئی تھی جس سے پیشاب کرنے میں مشکل پیش آتی تھی۔ اس سے اُس کے گردے پر سوزش ہوئی اور اُس کا مثانہ بھی بڑھ گیا تھا۔ اس سے بالآخر گردے سے پیشاب گزارنے والی نالی کی خرابی بن گئی، جس سے اس کے گردے میں پانی جمع ہو گیا۔

میں نے اپنے بچے کو جنم دیا تو اس سے دو ہفتہ بعد اس کا ایک آپریشن ہوا جس سے پیشاب کی نالی کھولی گئی۔ چھ ماہ بعد، اُس کا دوبارہ معائنہ ہوا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ آپریشن کے باوجود، پیشاب کی روانی کا درجہ بہت زیادہ ہے اور مثانہ بھی سخت ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے اس کا مطمئن ہونا اور آرام میں رہنا مشکل ہے۔ اُس نے مجھے کہا کہ میں چھ ماہ تک اُسے ادویات دوں لیکن یہ بھی کہا کہ تھوڑی دیر میں اسے مکمل شفا نہیں ہو سکتی۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ ہو سکتا ہے بچے کو ساری زندگی ادویات لینی پڑیں۔

میں چھوٹی ہی تھی تب سے مانمن جاتی اور پاک انجیل سنتی تھی، لیکن میں سچائی میں زندگی نہیں گزارتی تھی بلکہ میرا ایمان بھی نیم گرم تھا۔ میں نے سوچا کہ میرا یہ نیم گرم ایمان ہی میرے بیٹے کی بیماری کی وجہ ہے۔ میرے مسئلہ نے ہی اس پر یہ مشکل پیدا کی ہے۔ میں نے پوری طرح سے توبہ کی۔

میرا ایمان تھا کہ خدائے خالق کی قدرت میرے بیٹے کو ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے وسیلہ سے شفا بخشے گی۔ اس ایمان کے ساتھ میں نے بیٹے کو ادویات نہ دیں بلکہ چھ ماہ کے دوران میں نے ناشتہ کے وقت کا روزہ رکھا۔ میں نے سینئر پاسٹر کی بیماروں کے لئے دعا اور آٹومیٹک ریسپانس پر ریکارڈ شُدہ تین منٹ کا وعظ سنا اور اپنے بیٹے کے ساتھ مانمن حمد و ثنا سُنی۔ جب دعائیہ پہاڑ سے واپسی پر سینئر پاسٹر سینٹرل چرچ آئے تو میں اپنے بیٹے کے ساتھ اُن کے پاس گئی اور سینئر پاسٹر نے محبت کے ساتھ میرے بیٹے پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کی۔

جب میرا اشتیاق بڑھا تو چرچ میں 15 مئی 2017 کو ایک تقریب تھی۔ میں نے ایمان اور امید کے ساتھ اپنے بیٹے کی مکمل شفا کیلئے سینئر پاسٹر سے دعا کروائی۔ جب میں نے ان سے ہاتھ ملایا تو انہوں نے ایک بار پھر مڑ کر میرے بچے کو دیکھا اور اُس کے سر پر ایک چپت لگائی۔



اگلے دن، میرے بچوں کا معائنہ تھا۔ پھر، ڈاکٹر نے مجھے انگوٹھا دکھاتے ہوئے کہا کہ،" گردے میں پیشاب کی نالی کا مسئلہ ختم ہو چکا ہے، پیشاب کی نالی جو 6 ایم ایم کی تھی اب 2 ایم ایم ہے اور اس کی موٹائی بھی بالکل عمومی ہو چکی ہے۔ مثانہ بھی اپنے حجم میں ٹھیک ہو گیا ہے"۔ حتیٰ کہ اُس کے گردوں کی کارکردگی بھی اب عمومی درجہ پر تھی۔ ہالیلویاہ! یہ سننے کے بعد جب میں ہسپتال سے نکلی، تو خدا کی محبت میرے دل میں اُمڈ آئی۔ میں نے سینئر پاسٹر کی محبت کیلئے بھی شکر گزاری محسوس کی جس نے میرے لئے اور میرے بیٹے کیلئے دعا کی تھی۔ میرا بیٹا اب دو سال کا ہے، اب عیسو صحت مندی میں پرورش پا رہا ہے۔

## "میرا بیٹا ووبِن سست گوئی سے شفا پا گیا"

سسٹر بومی چوی، عمر36 سال، پیروش 6 مانمن سینٹرل چرچ



میرا بیٹا ووبن اب چار سال کا ہے۔ 38 ماہ کی عمر میں بھی وہ ٹھیک طرح بول نہیں سکتا تھا۔ جب میں کہتی کہ 'ووبن، یہ کار ہے۔ ایک کار۔ تو وہ میرے پیچھے پیچھے بول نہیں سکتا تھا بلکہ صرف اتنا کہتا تھا، جی ہاں۔ اُس کی عمر کے دیگر بچے فعل اور حرفِ جار وغیرہ کا استعمال کرتے تھے لیکن ووبن کی بول چال تین حروف سے زیادہ نہیں تھی، جو بنیادی طور پر 18 سے 20 سال کے بچوں میں ہوتی ہے۔

وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بات چیت میں عموماً ناکام رہتا تھا، لہٰذا وہ دھکیل کر یا اشاروں کے ساتھ اپنے احساسات کا اظہار کرتا تھا۔ 10 جولائی 2017 کو، میں اُسے بالآخر بچوں کے ہسپتال میں لے گئی، اور اُس کی تشخیص کر کے بتایا گیا کہ وہ سست گوئی کا شکار ہے۔

ڈاکٹر نے کہا کہ اُسے لسانی، شناختی مشقوں کی ضرورت ہے اور یہاں تک کہ بصارتی مشقوں کی بھی کیونکہ اُس کی باریک بینی کی نشو و نما میں بہت تاخیر ہو رہی ہے۔ اس پر 1000 ڈالر ماہانہ کے اخراجات ہیں۔ ڈاکٹر نے مجھے مشورہ دیا کہ اُس کی معذوری کو رجسٹرڈ کرواؤں کیونکہ اس پر بہت اخراجات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ووبن کی اس مشکل کا علاج اِس وقت اور درست انداز سے نہ کیا گیا تو اُسے دماغی معذوری کا سامنا بھی ہو جائے گا۔ میں بُری طرح صدمہ میں آ گئی۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ اُس کے لئے کیا کروں۔ اُس وقت چرچ میں بیمار لوگوں کی رجسٹریشن لی جا رہی تھی جو لوگ مانمن سمر ریٹریٹ 2017 میں شفا کیلئے تیار تھے۔ میں نے اس کا نام بھی لکھوا دیا اور اُس کی بیماری 'سست گوئی کا شکار' بھی رجسٹرڈ کروائی۔

7 اگست کو میں نے مانمن سمر ریٹریٹ 2017 میں شرکت کی۔ ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ کے دوران سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے سیمینار کے بعد بیماروں کیلئے دعا کی۔ میں نے ووبِن کیلئے دعا کروائی۔ اس دعا کے فورا بعد ووبن نے مجھ سے کہا، "ماں، میری خالہ کہاں ہیں؟ کیا وہ چلی گئی ہیں؟" اُس نے اس سے پہلے کبھی کوئی پورا جملہ نہیں بولا تھا۔ میں بہت حیران ہوئی۔ 9 اگست جب سینئر پاسٹر نے کہا کہ وہ کیمپ فائر حمد و ثنا کے بعد دوبارہ بیماروں کیلئے دعا کریں گے تو ووبن نے اپنے ہاتھ سینے پر باندھے اور کہا، "دعا"۔ اور اُس نے آمین آمین کہہ کر دعا کروائی۔

10 اگست کو اُس کی شفا کے یقین کے ساتھ ہم ہسپتال گئے اور معائنہ کروایا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ کسی بچے کیلئے یہ ناممکن ہے کہ وہ ایسی نازک حالت سے ایک ماہ سے بھی پہلے باہر آجائے اور بہتری ہوجو ایک ماہ سے بھی زیادہ ہے۔ وہ یقینا بہت حیران تھی۔ اُس وقت سے میرا بیٹا بہت بولتا ہے اور اُس کی زبان میں تیزی کےساتھ بہتری آ رہی ہے۔ ہالیلویاہ!

اُس کی پیدائش کو زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ اس کے دل میں پیدائشی طور پر خرابی کی وجہ سے چار سوراخ تھے لیکن سینئر پاسٹر کی دعا کے وسیلہ سے اُسے مکمل شفا مل گئی۔ میں خدا کے فضل کو بھول گئی تھی اور میں نے خدا کی مرضی کو فراموش کر دیا تھا جو مجھے برکت کی زندگی کی طرف لانا چاہتا تھا۔ میں نے توبہ کی اور خداوند کا پیار نقش کر لیا جس نے ہمیں چرواہے کی خلا میں تحفظ دیا۔

میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں جو مجھے کبھی اکیلا نہیں چھوڑتا اور مجھے نجات اور برکات کی راہ پر لایا اور خداوند کی جس نے میرے گناہوں کا فدیہ دیا۔ میں سینئر پاسٹر کی بھی شکر گزار ہوں جس نے ہمارے لئے عظیم محبت کے ساتھ دعا کی۔

جي سي ان GCN Global Christian Network
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com